© rasailojaraid.com



# حضرت مولانا محمد اجمل خانؒ کی یاد میں نشست

پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا فداء الرحمٰن درخواستی نے ۲۳ مئی ۲۰۰۲ء کو اسلام آباد میں اپنی رہائش گاہ پر خطیب اسلام حضرت مولانا محمد اجمل خانؒ کی یاد میں ایک تعزیتی نشست کا اہتمام کیا جس میں متعدد سرکردہ علماء کرام نے شرکت کی۔ اجلاس میں مولانا فداء الرحمٰن درخواستی اور مولانا زاہد الراشدی نے حضرت مولانا محمد اجمل خانؒ کی دینی وملی خدمات کا تذکرہ کیا اور ان کی جدوجہد کے متعدد واقعات بیان کیے۔ مولانا درخواستی نے کہا کہ حضرت مولانا محمد اجمل خانؒ ایک صاحب دل اور صاحب کردار عالم دین تھے جنہوں نے حضرت درخواستی اور دیگر اکابر کے ساتھ دینی جدوجہد میں سرگرم حصہ لیا۔ مولانا راشدی نے کہا کہ مولانا محمد اجمل خانؒ خود دار، حق گو اور باحمیت بزرگ تھے اور اس سلسلے میں انہوں نے متعدد واقعات بیان کیے۔ اس موقع پر حضرت مولانا محمد اجمل خانؒ کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے دعا کی گئی اور ان کی دینی وملی خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

## گوجرانوالہ میں ''رابطہ ادب اسلامی'' کے حلقہ کا قیام

پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ ''دائرہ معارف اسلامیہ'' کے سربراہ اور رابطہ ادب اسلامی پاکستان کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمود الحسن عارف ۱۲ مئی کو ایچی سن کالج لاہور کے پروفیسر حافظ محمد ظفر اللہ شفیق کے ہمراہ گوجرانوالہ تشریف لائے اور بعد نماز عصر الشریعہ اکادمی میں ایک علمی وادبی نشست میں شرکت کی۔ الشریعہ اکادمی کے ڈائریکٹر مولانا زاہد الراشدی نے اس موقع پر بتایا کہ ڈاکٹر صاحب موصوف ان کی خصوصی دعوت پر تشریف لائے ہیں اور اس نشست کا مقصد یہ ہے کہ گوجرانوالہ میں علمی وادبی سرگرمیوں کے فروغ اور نوجوان اصحاب فکر ودانش کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرنے کے لیے ادبی حلقہ کا قیام عمل میں لایا جائے اور اس کے لیے مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندویؒ کے قائم کردہ عالمی ادبی فورم ''رابطہ ادب اسلامی'' کا حلقہ قائم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

ڈاکٹر محمود الحسن عارف اور پروفیسر ظفر اللہ شفیق نے ''رابطہ ادب اسلامی'' کے اغراض ومقاصد اور مختلف ملکوں میں رابطہ کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی اور گوجرانوالہ میں اس کی شاخ کے قیام کی تجویز پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ اجلاس میں سید احمد حسین زید، حافظ محمد عمار خان ناصر، پروفیسر میاں انعام الرحمٰن، مولانا محمد یوسف، قاری حماد الزہراوی، پروفیسر حافظ منیر احمد اور قاری محمد داؤد خان نوید نے شرکت کی اور ''رابطہ ادب اسلامی'' کے حلقہ کے قیام کے سلسلے میں ایک کمیٹی قائم کی گئی جو مختلف ارباب علم ودانش سے رابطہ کر کے حلقہ کی عملی تشکیل کا اہتمام کرے گی۔



© rasailojaraid.com